ماڈل پیپر مسیحی تعلیم (لازمی) برائے جماعت نہم

کل نمبر:100 **وقت:3 گھنٹے**

(حصہ اول)

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیے گئے ہیں درست جواب کا انتخاب کریں۔ **(20 = 20 ×1)**

(i) یوشع/یشوع نے کس کے بعد قیادت سنبھالی؟

(الف) داؤد کے بعد (ب) موسیٰ کے بعد

(ج) سموئیل کے بعد (د) سلیمان کے بعد

(ii) یریحو شہر کس کی قیادت میں فتح ہوا؟

(الف) جدعون کی قیادت میں (ب) داؤد کی قیادت میں

(ج) یوشع یشوع کی قیادت میں (د) ساؤل کی قیادت میں

(iii) اصلاحی نبوت کا مقصد تھا:

(الف) مستقبل بتانا (ب) روحانی اصلاح کرنا

(ج) معجزات دکھانا (د) سزا دینا

(iv) "کنواری حاملہ ہو گی" یہ نبوّت کس نے دی؟

(الف) ارمیا نے (ب) اشعیا نے

(ج) حزقی ایل نے (د) دانی ایل نے

(v) نیک سامری کی تمثیل ہمیں کیا سکھاتی ہے؟

(الف) دعا کی اہمیت (ب) پڑوسی سے محبت

(ج) دولت جمع کرنا (د) معجزات کی طاقت

(vi) دُعائے ربانی 'اَے ہمارے باپ کی دُعا' ہمیں کس نے سکھائی؟

(الف) یوحنا بپتسمہ دینے والے نے (ب) خداوند یسوع مسیح نے

(ج) پولوس رسول نے (د) پطرس نے

(vii) صلیب کس چیز کا نشان ہے؟

(الف) شکست کا (ب) طاقت کا

(ج) حِکمت اور نجات کا (د) محنت کا

(viii) نرمی کا تعلق کس سے ہے؟

(الف) دولت سے (ب) شہرت سے

(ج) طاقت سے (د) الفاظ اور رویہ سے

(ix) نرم جواب کس چیز کو بجھاتا ہے؟

(الف) بھوک کو (ب) قہر کو

(ج) خوف کو (د) بیماری کو

(x) سچی معافی کے لیے کیا ضروری ہے؟

(الف) سخاوت (ب) دُعا

(ج) چندہ (د) نفرت

(xi) بائبل مقدس کے مطابق خُدا اپنے وعدوں میں کیسا ہے؟

(الف) سچا (ب) کمزور

(ج) محدود (د) بے وفا

(xii) ارمیا/یرمیاہ نبی کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

(الف) لاوی (ب) بنیامین

(ج) یہوداہ (د) افرائیم

(xiii) مقدس پولوس/پولس رسول کس شہر میں پیدا ہوئے تھے؟

(الف) یروشلیم (ب) طرسوس

(ج) افسس (د) انطاکیہ

(xiv) مقدس پولوس / پولس رسول کا پہلا نام کیا تھا؟

(الف) مقدس پطرس (ب) مقدس یوحنا

(ج) شاؤل (د) شمعون

(xv) نیا عہد کس کے ذریعے مکمل ہوا؟

(الف) خُداوند یسوع مسیح (ب) سلیمان بادشاہ

(ج) موسیٰ (د) داؤد بادشاہ

(xvi) شہباز بھٹی کو کب شہید کیا گیا؟

(الف) 25 دسمبر 2010ء (ب) 14 اگست 2009ء

(ج) 2 مارچ 2011ء (د) 10 اپریل 2012ء

(xvii) ارمیا نبی نے گناہ کا ماخذ کہاں بتایا؟

(الف) دولت (ب) بت پرستی

(ج) فریب (د) انسانی دل

(xviii) پرانے عہد نامہ عتیق میں کیا بیان کیا گیا؟

(الف) یسوع مسیح کی زندگی (ب) رسولوں کی گواہی

(ج) کلیسیا کی تاریخ (د) تخلیق، شریعت، انبیا اور نجات دہندہ کے وعدے

(xix) لفظ "کلیسیا" سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

(الف) یسوع مسیح نے (ب) مقدس پطرس نے

(ج) مقدس پولوس رسول نے (د) روح القدس نے

(xx) انطاکیہ کے مقدس اگنیشیس نے مختلف کلیسیاؤں کو کیا لکھے؟

(الف) خطوط (ب) احکامات

(ج) گیت (د) کتابیں

(حصّہ دوم)

سوال نمبر2: درج ذیل نو(9) میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ **(12 =6 ×2)**

i- یوشع / یشوع کی قیادت میں بنی اسرائیل نے کون سا دریا پار کیا؟

ii- سلیمان بادشاہ کی سب سے بڑی خدمت کیا تھی؟

iii- نبوت کے بنیادی مقصد کو بیان کریں۔

iv- خُدا کی حاکمیت سے کیا مراد ہے؟

v- صلیب پر یسوع مسیح کی حکمت کیسے ثابت ہوئی؟

vi- بیج بونے والے کی تمثیل کا مرکزی پیغام بیان کریں۔

vii- خداوند یسُوع مسیح نے بچپن میں ہیکل میں کیا کہا؟

viii- مسرف بیٹے کی تمثیل سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

ix- اصلاحی نبوت کی ایک مثال لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل نو(9) میں سے چھے سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ **(12 =6 ×2)**

i- نرمی کی سادہ تعریف کیا ہے؟

ii- نرمی رشتوں کو کس طرح مضبوط کرتی ہے؟

iii- معافی سے مسیحی زندگی پر کیا اثر پڑتا ہے؟

iv- کس شاگرد نے یسُوع مسیح سے معافی کے بارے میں سوال کیا؟

v- خُدا ایلیا نبی سے کس طرح کلام کیا؟

vi- خدا نے ارمیاہ نبی کے ذریعے نیا عہد کیسے بیان کیا؟

vii- ارمیا/یرمیاہ نبی کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

viii- شہباز بھٹی نے اپنی زندگی کس کے لیے وقف کی؟

ix- شہباز بھٹی نے اپنی قوم کے لیے کس میدان میں خدمات انجام دیں؟

سوال نمبر4: **درج ذیل بارہ(12)میں سے آٹھ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** **(16 =8 ×2)**

i- مقدس پولوس رسول نے اپنی زندگی میں کتنے بشارتی سفر کیے؟

ii- مقدس پولوس رسول کی شہادت کہاں ہوئی؟

iii- خُدا نے ارمیا/یرمیاہ نبی کے ذریعے نیا عہد کیسے بیان کیا؟

iv- مقدس یوحنا 16:3 میں خُداوند یسوع مسیح نے کیا فرمایا ہے؟

v- خُداوند یسوع مسیح نے صلیب پر معافی کا سبق کیسے دیا؟

vi- کلیسیا کا آغاز کب ہوا؟

vii- رسولی آبا کون تھے؟

viii- مقدس کلیمنٹ آف روم کی تحریروں کا بنیادی موضوع کیا تھا؟

ix- نیا عہد نامہ کس کی خوش خبری سکھاتا ہے؟

x- عبرانیوں کے خط میں کس بات کی تلقین کی گئی ہے؟

xi- بائبل مقدس کے کتنے حصے ہیں؟ نام لکھیں۔

xii- نیا عہد نامہ ہمیں کیا سکھاتا ہے؟

(حصہ سوم)

سوال نمبر5: درج ذیل میں سے دو آیات کا حوالہ متن اور وضاحت کریں۔ **(10 =2 ×5)**

i. ”اَے باپ اِن کو معاف کر، کیونکہ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔“

ii. ”نرم جواب غصے کو پھیر دیتا ہے۔“

iii. ”اَے نیک اُستاد میں کیا کروں تا کہ ہمیشہ کی زندگی پاؤں؟“

iv. ”اے ہمارے باپ، تو جو آسمان پر ہے، تیرا نام پاک مانا جائے۔“

سوال نمبر6: درج ذیل میں سے کسی ایک شخصیت پر نوٹ لکھیں۔ **(10 =1 ×10)**

(الف) ارمیا نبی / یرمیاہ نبی (ب) مقدس پولوس رسول

سوال نمبر7: درج ذیل چار میں سے دو سوالوں کے جواب تفصیل سے دیں۔ **(20 =2 ×10)**

i. مسرف بیٹے کی تمثیل سے ہم کیا سبق سیکھتے ہیں؟ وضاحت سے بیان کریں۔

ii. خداوند یسوع مسیح کی معافی سے متعلق تعلیم کو تفصیل سے بیان کریں۔

iii. خداوند یسوع مسیح کی زندگی سے نرمی کی کوئی سی دو مثالیں بیان کریں۔

iv. رسولی بزرگوں کی تعلیمات نے مسیحیت پر کیا اثرات مرتب کیے؟